بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ (القرآن الحکیم)

رضاخانی مذہب

جس میں بریلویوں کے گمراہ کن عقائد کی نقاب کشائی کی گئی ہے

جلد سوم

تالیف

ترجمانِ اہلِ سنّت علامہ سعید احمد قادری حنفی دیوبندی سابقہ بریلوی

ناشر

الحسنین اکیڈمی کراچی

نام کتاب : رضاخانی مذہب

نام مصنف : علامہ سعید احمد قادری حنفی دیوبندی (سابقہ بریلوی)

ناشر : الحسنین اکیڈمی کراچی

اشاعت : اول

قیمت

کتاب حاصل کرنے کیلئے درج ذیل اداروں سے رابطہ کریں۔

1. احسنی کتب خانہ مدرسہ احسن العلوم گلشن اقبال کراچی۔
2. مکتبہ علی ومعاویہ سعید آباد کراچی
3. اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی نمبر ۵
4. بیت الکتب گلشن اقبال نمبر ۲ کراچی
5. قاری عبدالحلیم تاجران اسلامی کتب مدینہ مسجد فیڈرل بی ایریا نمبر ۱۰ کراچی
6. مکتبہ عمر فاروق مقابل جامعہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی کراچی
7. کتب خانہ مجیدیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان
8. کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی

Butt

مسلمانو! اس سے عبرت حاصل کرو۔ اللہ تعالیٰ سب کو صراطِ مستقیم پر استقامت نصیب فرماوے۔ یہ خواب کسی حنفی دیوبندی کو نہیں آئی۔ جن بزرگوں کو خواب آئی ہے انہوں نے اس کی تشہیر اس واسطے کی ہے کہ لوگ اعلیحضرت کے لئے دعا کریں شاید بخشش ہو جاوے۔

۱۳۴۰ھ میں احمد رضا خان کی وفات ہوئی ہے اور ۱۳۴۲ھ میں صوفی صاحب کو یہ خواب آئی اور بریلی سے ۱۳۴۳ھ میں طبع ہو کر منظرِ عام پر آئی ہے لیکن تعجب ہے کہ رضا خانیوں نے توبہ کیوں نہیں کی۔ شاید آج کسی کے دل میں اتر جائے مری بات اور توبہ نصیب ہو جائے۔

(بحوالہ رضا خانی دین صفحہ ۵۱ تا ۵۴)

قارئین کرام! اعلیحضرت بریلوی کے مریدِ خاص کی نظم سے روزِ روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ مولوی احمد رضا خان بریلوی جہنم میں جل رہے ہیں اور براہین قاطعہ و دلائل ساطعہ سے ثابت ہوا کہ رضا خانی اہلِ بدعت حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو متصرف مافوق الاسباب امور میں اور مختارِ کل ثابت کرنے کے فکر میں تقریباً اکثر بہجۃ الاسرار کے حوالہ جات پیش کرتے ہیں جس کتاب کے بارے میں ہم ثابت کر چکے ہیں کہ یہ کتاب غیر معتبر و غیر مستند اور جو کچھ اس میں درج ہے اختراعات ہی اختراعات اور الوہیت کے دعووں سے بھری پڑی ہے اور افسوس ہے رضا خانی اہلِ بدعت پر کہ جس کتاب کا صحت کے لحاظ سے یہ حال ہو اس کے حوالے نقل کرکے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو مختارِ کل اور مافوق الاسباب امور میں متصرف جاننا اور پھر طرفہ تماشہ یہ ہے کہ بطور استشہار کے بہجۃ الاسرار کے حوالوں، من گھڑت اور اختراعات پر چادر چڑھانا کتنی مضحکہ خیز بات ہے۔

عبرت ہے رضا خانی اہلِ بدعت کی عقل پر کہ کیسے دلیری اور جرأت سے

اکثر بے بنیاد و باطل باتوں کو کرامات کا نام دے کر حضرت پیر شیخ جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب کر دیتے ہیں جیسا کہ آگے کتاب میں رضاخانی اہل بدعت کے عقائد ذکر ہیں کہ رضاخانی اہل بدعت ان عقائد باطلہ سے کیا کیا ثابت کرتے ہیں اور کیا کیا عقیدہ رکھتے ہیں اور بریلویوں کی بدعقیدگی اور ان کے قرآن و حدیث کے متصادم و متضاد عقائد کی بنا پر قرآن اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان نے انہیں مشرک و کافر فرمایا ہے اور یاد رکھیں جس رضاخانی بدعتی بریلوی کا یہ عقیدہ ہو کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عالم الغیب و حاضر و ناظر، مختار کل و نور مجسم یعنی کہ نور حقیقی نور اللہ ہیں تو ایسا رضاخانی بریلوی قرآن و حدیث کی رو سے مشرک اور کافر ہے اور مشرک و کافر کے بارے میں فیصلہ خداوندی ہے کہ وہ ابدی جہنمی ہے اور جو ایسے رضاخانی بریلوی کو ان باطل عقائد کی بنا پر مشرک و کافر نہ کہے یا مشرک و کافر کہنے میں توقف کرے یا شک کرے وہ بھی بلاریب مشرک اور کافر ہے۔

دجال زمانہ مولوی احمد رضاخان بریلوی نے اپنی تصانیف خبیثہ عرفان شریعت، احکام شریعت، فتاوی رضویہ، فتاوی افریقہ وغیرہ میں اہل سنت و جماعت، اولیائے کرام، محدثین دیوبند کو کافر لکھا ہے تو اولیائے کرام محدثین دیوبند کو کافر کہنے والا مولوی احمد رضاخان بریلوی خود مشرک اور کافر ہے جو اس کے مشرک اور کافر ہونے میں شک کرے یا توقف کرے وہ بلاشبہ مشرک اور کافر ہے۔

رضاخانی اہل بدعت کے قرآن و حدیث کے خلاف عقائد کی بنا پر اسلامی ممالک نے رضاخانی اہل بدعت کی تفسیر کنز الایمان کہ جس میں مولوی احمد رضاخان بریلوی کا ترجمہ اور ان کے شاگرد مولوی نعیم الدین مراد آبادی کی اس کے حاشیہ پر تفسیر ہے۔ اسلامی ممالک نے اس پر پابندی لگا دی ہے۔ کیونکہ اس میں تفسیر بالرائے کی گئی۔ حالانکہ تفسیر بالرائے کفر ہے اور ترجمہ بھی عربی گرائمر